شیلا نام کا مطلب اور شیلا نام رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2923

تاریخ اجراء: 25 محرم الحرام 1446ھ / 01 اگست 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

شیلا نام کا کیا مطلب ہے اور یہ نام رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

شیلا کا معنی ہے "پختہ پہاڑ، پتھر کا ٹیلا، چٹان۔ سوتی ریشمی چادر۔" بچی کا یہ نام رکھ سکتے ہیں۔ البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچیوں کے نام اُمہات المؤمنین یا دیگر صحابیات رضی اللہ عنہن یا بزرگ خواتین رحمۃ اللہ علیہن کے نام پر رکھے جائیں، کیونکہ شریعتِ مُطَہَّرہ نے نام رکھنے کا یہ اصول بیان کیا ہے کہ نام اچھا اور با معنی ہونا چاہیے۔ اولاد کا حق ہے کہ اس کا نام اچھا رکھا جائے، ایسا کرنے سے نام اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی اولاد کے شاملِ حال ہوگی اور اچھوں کے ناموں پر نام رکھنے کی ترغیب والی حدیث پاک پر عمل بھی ہو گا۔

قومی اردو لغت میں ہے "شیلا: پختہ پہاڑ، پتھر کا ٹیلا، چٹان۔ سوتی ریشمی چادر۔" (قومی اردو لغت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد 3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net